1989ء سے مسلسل اشاعت | 20 اگست تا 2 ستمبر 2021 | شمارہ نمبر 34-35 | جلد نمبر 33

MC - 547 Price Rs. 70/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

APP
IBM
ISO 9001:2015 CERTIFED
QURAN PAPER PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech
SINARSPECTRA COLOR CUBE
AQNA Brands
FOR BOOKING CONTACT IBM :
UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED
PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER
Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINARSPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے


# اصل شناختی کارڈ کے بغیر بینکنگ سہولیات کی فراہمی نہیں ہوگی، اسٹیٹ بینک

## ضرورت پڑنے پر بینک بائیومیٹرک کا بھی مطالبہ کرسکتا ہے، بینک فراڈ سے بچنے کے لئے اسٹیٹ بینک کی ہدایات

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکنگ فراڈ سے بچنے کیلئے بینکوں کو سخت ہدایات دیدی ہیں، مالی لین دین یا مالی دستاویزات کیلئے اصل شناختی کارڈ ضروری ہوگا جبکہ کلائنٹ کا بائیومیٹرک بھی ہوسکتا ہے تاہم اس امور سے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں میں کرپشن اور بڑے پیمانے پر فراڈ، جعلی دستاویزات بنانے اور جعلی کرنسی کے استعمال کے واقعات کی روک تھام کے لئے بینکاری سسٹم کو مزید بہتر کرنے، لین دین اور معلوماتی ڈیٹا مزید محفوظ بنانے کے لئے بینکوں کو سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ اب بینکوں سے لین دین یا دیگر مالی دستاویزات بنوانے کے لئے برانچ میں کلائنٹ کو اصل شناختی کارڈ ساتھ لانا ہوگا اور اگر بینک ضرورت محسوس کرے گا تو کلائنٹ کو بائیومیٹرک بھی کرانا ہوگا جبکہ اکاونٹ ہولڈر اگر اپنی مصروفیات کی وجہ سے خود بینک نہ جاسکے گا تو جو متبادل شخص لین دین یا مالی دستاویزات بنوائے گا اس کو بھی اصل شناختی کارڈ اور بائیومیٹرک کے بعد بینکاری کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اکاؤنٹ ہولڈر اگر اپنے ملازم کو چیک کیش کرانے کے لئے بینک بھیجے گا تو بینک جانے والے شخص کے پاس اصل شناختی ہونا لازمی ہے جبکہ اس کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی وہ ساتھ لائے گا جو بینک اپنے پاس رکھے گا۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


# کورونا وبا: چین نے بحری جہازوں کیلئے قرنطینہ لازمی قرار دیدیا

## چین آنے والے تمام جہازوں کو 14 سے 21 دن تک کھلے سمندر میں انتظار کرنا ہوگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کووڈ 19 کے آغاز سے اب تک بین الاقوامی تجارت بری طرح متاثر ہوئی ہے اور شپنگ کمپنیز اپنے ابتدائی نقصانات کو پورا کرنے کے لیے جہاں مسلسل اپنے نرخوں میں اضافہ کر رہی ہیں وہیں مارکیٹ سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اب چین نے تمام بحری جہازوں کے لیے پابندی عائد کردی ہے کہ وہ پورٹ میں داخلے سے قبل 14 تا 21 دن تک کھلے سمندر میں قرنطینہ کریں گے تاکہ چین کو کورونا وائرس سے محفوظ رکھا جا سکے۔ اس کا اطلاق تمام اقسام کے کارگو جہازوں پر ہوگا۔ اس طرح اب کراچی کے لیے جہاز کے پہنچنے کی مدت 35 سے 45 دن ہوگی۔ چائنا کی اس پابندی سے شپنگ کے معاملات مزید گمبھیر ہو جائیں گے اور کنٹینرز کی قلت بھی پیدا ہوسکتی ہے اس کے علاوہ چین کی بندرگاہوں پر رش میں بھی اضافہ ہوگا۔

# ڈالر ستمبر 2020 کی سطح پر دوبارہ پہنچ گیا

## گزشتہ چار ماہ میں روپے کی قدر میں 13 روپے کی کمی ہوچکی ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وزیر خزانہ شوکت ترین کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے ڈالر کی قدر میں اضافے کا جو رجحان شروع ہوا تھا وہ لاک ڈاؤن کے باعث کاروباری سرگرمیوں میں مندی کے باوجود ابھی تک برقرار ہے۔ بدھ 25 اگست 2021ء کو ڈالر کی قدر میں انٹر بینک میں مزید اضافہ ہوا جس کے بعد 166.20 پیسے سے تجاوز کرگیا یہ شرح ستمبر 2020 میں تھی۔ اس کے بعد ڈالر کی قدر میں کمی ہونا شروع ہوگئی تھی لیکن گزشتہ چار ماہ سے اس میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور اس مدت میں ڈالر کی قدر میں اب تک 13 روپے تک کا اضافہ ہو چکا ہے۔ ماہرین معیشت کے مطابق ڈالر کی قدر میں اضافے سے بیرونی قرضوں کی ادائیگی میں 1400 ارب روپے کا اضافہ ہوچکا ہے۔ 7 مئی 2021ء سے اب تک ڈالر کی قدر میں ساڑھے آٹھ فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔

# ایف بی آر کے موجودہ تمام نوٹسز کو واپس لیا جائیگا، وزیر خزانہ

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر خزانہ شوکت ترین نے ایف پی سی سی آئی ہیڈ آفس کراچی میں ایف بی آر کی ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کا اعلان کیا تاکہ تاجر برادری کے ایشوز اور ٹیکس طریقہ کار کے مسائل کو حل کیا جا سکے، انہوں نے کہا کہ ہراسانی و بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے موجودہ تمام نوٹسز کو واپس لیا جائیگا۔ وزیر خزانہ کی ایف پی سی سی آئی سے ٹیکس اور بجٹ اصلاحات پر مشاورت، شوکت ترین نے ایف پی سی سی آئی لیڈرشپ سے وعدہ کیا ہے کہ اب ہر سہ ماہی کے بعد ایف پی سی سی آئی سے مشاورت کیا کریں گے تاکہ کاروباری برادری کے مسائل کو موثر طریقے سے حل کیا جاسکے اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے ان کا اعتماد بحال کیا جائے۔ شوکت ترین نے ایف پی سی سی آئی میں تاجروں اور صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے واضح طور پر کہا کہ موجودہ تمام نوٹسز کو واپس لیا جائے گا تاکہ ہراسانی اور بدعنوانی کا خاتمہ ہو۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# بیٹری سے آگ لگنے کے واقعات، امریکہ کی جنرل موٹرز کا دنیا بھر سے گاڑیاں واپس منگوانے کا اعلان

واشنگٹن (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) امریکہ کی گاڑیاں بنانے والی کمپنی جنرل موٹرز (جی ایم) نے اعلان کیا ہے کہ وہ شیورلیٹ بولٹ الیکٹرک گاڑیاں بیٹری میں خرابی کے سبب آتشزدگی کے خدشے کے پیشِ نظر دنیا بھر سے واپس منگوا رہی ہے۔ جنرل موٹرز کے اس فیصلے کی وجہ سے دنیا بھر میں فروخت کی جانے والی الیکٹرک گاڑیوں میں استعمال کی جانے والی بیٹریوں سے متعلق سوالات اٹھنا شروع ہوگئے ہیں۔ رواں ہفتے جمعہ 20 اگست 2021 کو جی ایم کے اس فیصلے سے 2019 سے 2022 ماڈلز کی لگ بھگ 73 ہزار الیکٹرک گاڑیاں واپس منگوائی جائیں گی جب کہ اس سے قبل پرانے ماڈلز کی 69 ہزار گاڑیاں واپس منگوائی گئی تھیں۔ جی ایم کے مطابق بعض اوقات بیٹریوں میں دو مینوفیکچرنگ خرابیوں کی وجہ سے آگ لگ سکتی ہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ وہ تمام گاڑیوں میں بیٹریاں تبدیل کرے گی۔ اس فیصلے سے کمپنی کا لگ بھگ ایک ارب ڈالرز کا خرچہ آئے گا۔ جی ایم کمپنی کا کہنا ہے کہ مالکان گاڑیوں کی بیٹریاں 90 فی صد تک چارج کریں اور ان گاڑیوں کو گھروں سے باہر پارک کیا جائے۔ اس خرابی کا ملبہ بنیادی طور پر کمپنی کو بیٹریاں فراہم کرنے والی جنوبی کوریا کی ایل جی کیمیکل سلوشنز پر ڈالا جا رہا ہے۔ جب کہ ایل جی کمپنی کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے مطابق خرابی ان بیٹریوں میں آئی جو کہ دیگر فیکٹریوں میں تیار کی گئی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق نئی بولٹ گاڑیوں میں استعمال ہونے والی بیٹریاں امریکی ریاست مشی گن کے علاقے ہالینڈ میں قائم ایل جی پلانٹ میں تیار کی گئیں۔ جی ایم کا کہنا ہے کہ وہ بیٹری بنانے والی کمپنی سے قیمت کی واپسی کا مطالبہ کرے گی۔ خیال رہے کہ جی ایم کو نومبر میں پانچ بولٹ گاڑیوں میں آگ لگنے کے واقعات کی رپورٹس موصول ہوئی تھیں جس کی وجہ سے ایک شخص دھویں سے متاثر ہوا تھا جب کہ ایک گھر میں آگ لگی تھی۔ ابتدا میں کمپنی کو یہ معلوم نہیں تھا کہ آگ کیوں لگی تاہم بعد ازاں یہ سامنے آیا تھا کہ جو بیٹریاں مکمل چارج تھیں، ان میں آگ لگی۔ خیال رہے کہ امریکہ میں فروخت ہونے والی گاڑیوں میں جی ایم کا ایک بہت چھوٹا حصہ شامل ہے جو کہ ایک سال میں لگ بھگ 30 لاکھ گاڑیاں فروخت کرتی ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن چاہتے ہیں کہ سال 2050 تک امریکہ میں استعمال ہونے والی نصف گاڑیاں الیکٹرک گاڑیوں پر منتقل ہو جائیں تاکہ ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹا جاسکے۔

## ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر طارق سعید انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایف پی سی سی آئی میں برسر اقتدار گروپ بزنس مین پینل کے سرپرست اعلیٰ اور ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر طارق سعید طویل علالت کے بعد منگل 17 اگست 2021 کی شب انتقال کر گئے، طارق سعید طویل عرصہ تک ملک بھر کی کاروباری برادری کو لیڈ کرتے رہے ہیں، ایف پی سی سی آئی اور کراچی چیمبر میں ان کے نامزد کردہ نمائندے صدر اور دیگر عہدوں پر فائز ہوتے تھے۔ طارق سعید کو بدھ 18 اگست 2021 کی شام ڈی ایچ اے فیز 8 کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، اس سے قبل ان کی نمازہ جنازہ مسجد سحیم ڈی ایچ اے خیابان راحت میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں ان کے عزیز واقارب کے ساتھ کاروباری برادری اور سرکاری افسران کے ساتھ ایف پی سی سی آئی عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔




آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کی تقریبات کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس میں نہ صرف ممتاز تاجر رہنما، فیڈریشن اور چیمبر کے عہدیداران شرکت کرتے ہیں بلکہ ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کے نمائندے بھی شریک ہوتے ہیں۔ ایسی ہی 95-1994 میں منعقدہ ایک تقریب کے اسٹیج کا منظر (اوپر دائیں طرف سے) کراچی چیمبر کے سابق صدر طاہر خالق، صدر احمد اے ستار (95-1994)، جی 77 چیمبر برائے ترقی پذیر ممالک کے وائس چیئرمین طارق سعید مرحوم، فیڈریشن کے نائب صدر جمیل محبوب مگوں، اپیما سدرن سرکل کے صدر عبدالمجید میمن)، نیچے بائیں طرف سے اپیما نادرن سرکل کے جنرل سیکریٹری سمیع اللہ بٹ، وائس چیئرمین اپیما نادرن سرکل ملک شفیق الرحمن (لاہور، (چیئرمین اپیما آر اے ظفر چوہدری مرحوم) راولپنڈی، (وائس چیئرمین اپیما اور سینئر نائب صدر کراچی چیمبر اے کیو خلیل، اپیما کے سابق صدر ناظم علی مرحوم اور عبدالمجید میمن۔

## دبئی نے پاکستان سمیت 6 ممالک کیلئے سخت شرائط پر وزٹ ویزے کھول دیے

ابوظبی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کی ریاست دبئی نے پاکستان سمیت 6 ممالک کیلئے سخت شرائط پر وزٹ ویزے کھول دیئے۔ وزٹ ویزا کے حوالے سے دبئی حکومت کی ایئرلائن فلائی دبئی اور ایمریٹس ایئرلائن نے قواعد وضوابط جاری کیے ہیں۔ قواعد کے مطابق پاکستان سمیت 6 ممالک کے شہری سیاحتی ویزے پر دبئی جاسکتے ہیں۔ پاکستان کے علاوہ نیپال، نائیجیریا، سری لنکا، بھارت اور یوگنڈا بھی فہرست میں شامل ہیں۔ قواعد کے مطابق ان 6 ممالک کے سیاح براہ راست نہیں بلکہ بالواسطہ طور پر دبئی جاسکیں گے اور سیاحوں کو دبئی پہنچنے سے پہلے 14 دن کسی اور ملک میں بسر کرنے ہوں گے۔ اس کے علاوہ بھی سیاحوں کو دبئی آنے سے 72 گھنٹے قبل کورونا کی منفی رپورٹ دکھانا لازمی ہوگی۔

## سعودی عرب نے سائنوویک، سائنوفارم کی منظوری دیدی

سعودی عرب (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی عرب نے کورونا وائرس کی چینی ویکسینز سائنوویک اور سائنوفارم کی منظوری دے دی۔ سعودی حکام کے مطابق سائنوفارم اور سائنوویک کی 2 خوراک لگوانے والے سعودی عرب آ سکتے ہیں لیکن انہیں بوسٹر ڈوز بھی لگوانی ہوگی۔ سعودی عرب کی حکومت کی جانب سے اس سے قبل چین کی کورونا وائرس کی ویکسین سائنوویک اور سائنوفارم لگوانے والوں کو ویزے نہیں دیئے جا رہے تھے۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے سعودی حکومت سے چینی کورونا وائرس کی ویکسین لگوانے والوں کو ویزے دینے کی اپیل کی گئی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آئی کے آفسیٹ اور نیویا کوٹڈ پیپر کی قیمتوں میں جنوری-مارچ 2021 میں 44 روپے کلو تک اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021 کی پہلی سہ ماہی میں آئی کے آفسیٹ پیپر انڈونیشیا اور چائنا کے نیویا کوٹڈ پیپر کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے نہایت شاندار رہا۔ ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں مقامی ہول سیل مارکیٹ کے یکم جنوری تا 26 مارچ 2021 کے دوران شائع ہونے والی قیمتوں کے تقابلی جائزے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس مدّت کے دوران آئی کے 035 آفسیٹ پیپر انڈونیشیا کی قیمتوں میں 70۔75 اور 80 گرام میں 32 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا جو 189 سے بڑھ کر 221 روپے فی کلو تک پہنچ گئیں۔ جبکہ 90 اور 100 گرام کی قیمتیں 33 روپے فی کلو اضافے کے بعد 222 روپے فی کلو تک پہنچ گئیں۔ سب سے زیادہ اضافہ جنوری کے مہینے میں 16 روپے کلو، فروری میں 10 روپے اور مارچ میں 6 روپے فی کلو اضافہ ہوا۔ اسی برانڈ کے ریل کٹ کی قیمتیں بھی یکم جنوری کو 187 روپے سے کلو سے بڑھ کر 26 مارچ کو 215 روپے کلو تک پہنچ گئیں اور مجموعی طور پر 28 روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح چائنا سے درآمد ہونے والے نیویا کوٹڈ پیپر کی قیمتوں نے بھی تیزی کی حد کو چھولیا۔ جہاں قیمتوں میں 41 روپے تک اضافہ دیکھا گیا۔ یکم جنوری تا 26 مارچ 2021 کے درمیان قیمتیں 179 روپے کلو سے بڑھ کر 220 روپے کلو تک پہنچ گئیں۔ جنوری میں 9 روپے، فروری میں 19 روپے اور مارچ میں 13 روپے فی کلو اضافہ دیکھا گیا۔ نیویا کے میٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اسی شرح سے 44 روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

## Prices Trend in Jan-Mar-2021 (Per Kg Rates)

### Imported IK-035 **OFFSET PAPER** Indonesia

| IK 035 INDONESIA | | JANUARY-2021 | | | | | FEBRUARY-2021 | | | | MARCH-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jan | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 5 | 12 | 19 | 26 | |
| All Size | 70 | 189 | 186 | 186 | 196 | 205 | 210 | 215 | 215 | 215 | 220 | 217 | 221 | 221 | (+32) |
| All Size | 75 | 189 | 186 | 186 | 196 | 205 | 210 | 215 | 215 | 215 | 220 | 217 | 221 | 221 | (+32) |
| All Size | 80 | 189 | 186 | 186 | 196 | 205 | 210 | 215 | 215 | 215 | 220 | 217 | 221 | 221 | (+32) |
| All Size | 90 | 189 | 186 | 186 | 196 | 205 | 210 | 215 | 215 | 215 | 220 | 217 | 221 | 222 | (+33) |
| All Size | 100 | 189 | 186 | 186 | 196 | 205 | 210 | 215 | 215 | 215 | 220 | 217 | 221 | 222 | (+33) |

| IK 035 / REEL CUT | | JANUARY-2021 | | | | | FEBRUARY-2021 | | | | MARCH-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jan | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 5 | 12 | 19 | 26 | |
| All Size | 70 | 187 | 184 | 184 | 195 | 195 | 205 | 208 | 208 | 208 | 208 | 215 | 215 | 215 | (+28) |
| All Size | 75 | 187 | 184 | 184 | 200 | 200 | 205 | 208 | 208 | 208 | 208 | 215 | 215 | 215 | (+28) |
| All Size | 80 | 187 | 184 | 184 | 200 | 200 | 205 | 208 | 208 | 208 | 208 | 215 | 215 | 215 | (+28) |

## Prices Trend in Jan-Mar-2021 (Per Kg Rates)

### Imported **NEVIA COATED PAPER** China

| NEVIA GLOSS | | JANUARY-2021 | | | | | FEBRUARY-2021 | | | | MARCH-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jan | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 5 | 12 | 19 | 26 | |
| All Size | 80 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 90 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 100 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 105 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 113 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 128 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 150 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 207 | 207 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |

| NEVIA MATT | | JANUARY-2021 | | | | | FEBRUARY-2021 | | | | MARCH-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jan | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 5 | 12 | 19 | 26 | |
| All Size | 80 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 90 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 100 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 105 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 113 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 128 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |
| All Size | 150 | 179 | 178 | 182 | 190 | 188 | 200 | 205 | 195 | 193 | 210 | 220 | 225 | 220 | (+41) |

| Art Paper MATT | | JANUARY-2021 | | | | | FEBRUARY-2021 | | | | MARCH-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jan | 8 | 15 | 22 | 29 | 5 | 12 | 19 | 26 | 5 | 12 | 19 | 26 | |
| All Size | 90 | 176 | 176 | 182 | 182 | 188 | 188 | 188 | 188 | 186 | 186 | 220 | 225 | 220 | (+44) |
| All Size | 115 | 176 | 176 | 182 | 182 | 188 | 188 | 188 | 188 | 186 | 186 | 220 | 225 | 220 | (+44) |
| All Size | 128 | 176 | 176 | 182 | 182 | 188 | 188 | 188 | 188 | 186 | 186 | 220 | 225 | 220 | (+44) |




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## اسٹیٹ لائف کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: SLIC/PO/12/2021

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 3 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: ڈپٹی جنرل منیجر، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔

فون: 021-99204521

## ایف بی آر آفس کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: CCIR/CTO/2021-22/1653

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: دفتر چیف کمشنر، ان لینڈ ریونیو، کارپوریٹ ٹیکس آفس، گیارہویں منزل، انکم ٹیکس ہاؤس، شاہراہ کمال اتاترک، کراچی۔

## پاکستان ٹیلی ویژن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: HQ(U)Admin(Purchase)114/19/518

آفسیٹ پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 600 ریم

آفسیٹ پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 150 ریم

ڈپلیکیٹنگ پیپر A4 سائز، 55 گرام، تعداد: 400 ریم

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: کنٹرول آڈٹ (چیئرمین سینئر ٹینڈر کمیٹی)، ہیڈکوارٹرز، شاہراہ دستور، سیکٹر F-5/1، اسلام آباد۔

فون: 051-9202014-9213333-9202951

## بہاءالدین ذکریا یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2021-22/08

وائٹ امپورٹڈ پیپر، F4 سائز، 80 گرام، تعداد 1000 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔

فون: 111-229-988EXT:1318

## منسٹری آف پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: جاوید اظفر کمپیوٹر سینٹر، P بلاک، پاک سیکریٹریٹ، اسلام آباد۔

فون: 051-9219861

## فنانس ڈپارٹمنٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (E&A) پنجاب سول سیکریٹریٹ، لاہور۔

فون: 042-99212223

## پاکستان پوسٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: پوسٹل اسٹاک ڈپو، لطیف آباد نمبر 9، حیدرآباد۔

فون: 022-9200580

## سینیٹ قائمہ کمیٹی کی بینکوں کی آن لائن ٹرانزیکشن پر عائد چارجز ختم کرنے کی سفارش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سینیٹ قائمہ کمیٹی خزانہ نے بینکوں کی آن لائن ٹرانزیکشن پر عائد چارجز مسترد کرتے ہوئے ختم کرنے کی سفارش کر دی، قائمہ کمیٹی نے ایف بی آر کو ہدایت کی کہ چھوٹے تاجروں اور تنخواہ دار افراد کو ٹیکسوں میں ریلیف دینے کے لیے 10 روز میں رپورٹ جمع کرائی جائے اور اس معاملے پر وزیر خزانہ کمیٹی اجلاس میں شرکت یقینی بنائیں، طلحہ محمود کی زیر صدارت اجلاس، آڈٹ نہ کرانیوالے سرکاری اداروں کی تفصیلات اور کمیٹی نے ایف بی آر سے ڈیٹا ہیک ہونے کی رپورٹ بھی تین روز میں طلب کر لی، کمیٹی نے ہدایت کی کہ جن لوگوں نے قرضوں اور بنک کاؤنٹس کے لیے بنکوں کو درخواستیں دیں اور وہ مسترد ہو گئیں ان کی تفصیلات پیش کی جائیں اور معاملے کو ایک ماہ میں حل کر کے رپورٹ دی جائے،، کمیٹی کا اجلاس سینیٹر طلحہ محمود کی زیر صدارت منگل 24 اگست 2021 کو ہوا، اجلاس میں بنکوں کی آن لائن ٹرانزیکشن پر چارجز تمام ارکان نے مسترد کر دیئے۔

## چھوٹے و درمیانے کاروبار کیلئے بلاضمانت قرض اسکیم صاف، متعارف

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ضمانت نہ رکھنے والے چھوٹے اور درمیانے کاروبار (ایس ایم ایز) کیلئے بلاضمانت ایس ایم ای آسان فنانس (صاف) اسکیم متعارف کرادی جس کا واضح مقصد ان کاروباری اداروں کو سہولت پہنچانا ہے جو بینک قرضوں تک رسائی کے لیے ضمانت/رہن پیش نہیں کر سکتے۔ اس اقدام کو 'ایس ایم ای آسان فنانس' یا 'صاف' کا نام دیا گیا ہے اور اس طرح اس اسکیم کی ایس ایم ایز کو صاف قرض یعنی قرض کی بلاضمانت فراہمی کی خصوصیت پر زور دیا گیا ہے۔ 'صاف' ری فنانس اور کریڈٹ گارنٹی سہولت ہے جو ایک وسیع مشاورتی عمل سے تیار کی گئی ہے اور اس کا مقصد ان ایس ایم ایز کی معاونت کرنا ہے جو قرض کے حصول کے قابل ہیں لیکن ان کی فنانس تک رسائی نہیں کیونکہ وہ سیکورٹی پیش نہیں کر سکتیں جو بینک ضمانت کے طور پر مانگتے ہیں۔


☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی 'رسید' لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229


## پنجاب: ذاتی کمرشل جائیداد کے پراپرٹی ٹیکس میں 40 فیصد کا اضافہ

لاہور (نیوز ڈیسک) حکومت نے ذاتی کمرشل جائیداد رکھنے والے کاروباری حضرات کے سالانہ پراپرٹی ٹیکس میں 40 فیصد سے زائد کا اضافہ کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ ٹیکس میں اضافے سے اڑھائی لاکھ پراپرٹی مالکان پر بوجھ پڑے گا او رمحکمہ ایکسائز کو اڑھائی لاکھ سے زائد جائیدادوں سے 2 ارب اضافی ریونیو متوقع ہے۔ گزشتہ 8 سال سے پراپرٹی ٹیکس پر دی جانے والی رعایت اور ذاتی کمرشل پراپرٹیوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔

## ایف بی آر کی بینک ٹرانزیکشنز پر رسائی سے متعلق وضاحت

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ای میلز اور سوشل میڈیا کے ذریعے ایف بی آر کی بینکنگ ٹرانزیکشنز پر رسائی سے متعلق پھیلائی جانے والی گمراہ کن معلومات پر وضاحت جاری کی ہے۔ وضاحت میں کہا ہے کہ ایف بی آر کی کسی بھی سطح پر بینکوں یا مالیاتی اداروں کے ساتھ بینکنگ ٹرانزیکشنز پر رسائی یا رابطہ نہیں ہے۔ اسی طرح ایف بی آر کے پاس اس حوالے سے فنگر پرنٹ تصدیقی عمل بھی دستیاب نہیں۔ ایف بی آر کے ٹیکس پروفائل ڈیٹا میں آف لائن بینک اکاؤنٹ نمبر موجود ہے جو کہ کسی بھی بینک یا مالیاتی ادارے کے ساتھ منسلک نہیں۔ کسی بھی سطح پر بینکنگ ٹرانزیکشن تک رسائی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی آفسیٹ پیپر درآمدی اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، بلیچ بورڈ اور آرٹ کارڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان جاری رہا اور 25 اگست کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار ، فلائنگ اور کراؤن کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ پنڈ و آرٹ کارڈ اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کھپنڈ و آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 295 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر تمام سائز 80 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 288 روپے سے کم ہو کر 286 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 290 روپے سے کم ہو کر 288 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 292 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام ، 273 روپے سے کم ہو کر 272 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ ، تمام سائز 52 گرام ، 102 روپے سے بڑھ کر 105 روپے ، تمام سائز 63 گرام ، 116 روپے سے بڑھ کر 118 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 گرام، 123 روپے سے بڑھ کر 138 روپے ، تمام سائز 68 گرام، 122 روپے سے بڑھ کر 138 وپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن پیپر تمام سائز 63۔ 68 اور 72 گرام ، 136 روپے سے بڑھ کر 140 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا ، پی پی سی براؤن 70 گرام ، 525 روپے سے بڑھ کر 530 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 610 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 470 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 535 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 640 روپے سے کم ہو کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13.5 F4-A ۔ 70 گرام ، 640 روپے سے بڑھ کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام ، 490 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن 70 گرام، 500 روپے سے کم ہو کر 480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام، 640 روپے سے کم ہو کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون 70 گرام ، 540 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون، A4 سائز 80 گرام ، 655 روپے سے بڑھ کر 660 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر ون A3 سائز، 70 گرام ، 1020 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ZAP، 70 گرام ، 530 روپے سے بڑھ کر 545 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر رائٹ 70 گرام ، 490 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ایکان کاپی 80 ، گرام، 570 روپے سے بڑھ کر 590 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام ، 720 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈیجیٹل میگنم برازیل 70 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 495 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام ، 500 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی A3 سائز 80 ، گرام ، 1150 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سیلیکٹ ون آسٹریلیا 70 گرام، 505 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2200 روپے سے بڑھ کر 2275 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2200 ، روپے سے بڑھ کر 2275 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا 20x30 ، سائز، 2250 روپے سے بڑھ کر 2300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر G S F انڈونیشیا 20x30 ،سائز ، 2275 روپے سے بڑھ کر 2325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر YMC چائنا 20x30 سائز ، 2150 روپے سے بڑھ کر 2275 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ، 2250 روپے سے بڑھ کر 2325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2250 روپے سے بڑھ کر 2325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2250 روپے سے بڑھ کر 2325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ایف بی آر میں نئے نظام کے تحت، 20,415 آن لائن اپیلز داخل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر میں نیا نظام متعارف، 20,415 آن لائن اپیلز داخل ہوچکیں،، ڈاکٹر وقار مسعود نے کہا کہ اپیل دائر کرنے کے اخراجات میں کمی کے ساتھ موثر خدمات کی فراہمی اور شفافیت یقینی ہوئی، ایف بی آر میں کمشنرز اپیلز کی کارکردگی کا جائزہ کے لیے وزیر مملکت خزانہ و ریونیو ڈاکٹر وقار مسعود اور چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کی زیر صدارت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں فیڈرل بورڈ آف ریوینو نے مالی سال 2020-21 میں کمشنرز (اپیلز) کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا تا کہ اربوں روپے کے محصولات سے متعلق اپیلوں کے خاصے التواء کو نمٹانے اور انکم ٹیکس رولز، 2002 کے رول 76O کے مطابق 30 دسمبر 2021 تک کی مینوئل انکم ٹیکس اپیلوں کو نمٹانے کی حکمت عملی کو بھی وضع کیا جائے۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 2020: پیپر کی درآمدی و برآمدی مالیت برابر رہی

## 157.2 ارب ڈالر کا پیپر برآمد اور 157.5 ارب ڈالر کا پیپر دنیا میں درآمد ہوا

### چائنا 21 ارب ڈالر کی برآمدات کے ساتھ سرِفہرست، درآمدات میں امریکہ پہلے نمبر پر رہا

## پیپر کی درآمدات

2020 میں دنیا بھر میں درآمد شدہ پیپر کی خریداری پر 157.5 ارب امریکی ڈالر لاگت آئی۔

مجموعی طور پر، پیپر کی درآمد کی لاگت میں سال 2016 کے بعد سے تمام درآمد کرنے والے ممالک کے لئے اوسطا 0.9 فیصد کا اضافہ ہوا جب بین الاقوامی سطح پر پیپر کی خریداری کی مالیت 156 ارب ڈالر تھی۔

2019 سے لے کر 2020 تک، عالمی سطح پر درآمد شدہ پیپر کی خریداری میں -7.6٪ کمی واقع ہوئی۔

بین الاقوامی منڈیوں میں کاغذ کے سب سے بڑے خریدار امریکہ، جرمنی، فرانس، چین اور برطانیہ ہیں۔ مجموعی طور پر، ان ممالک کا 2020 میں خریدا گیا درآمد شدہ پیپر کا تقریباً تیسرا حصہ (32.2%) تھا۔

براعظم کے لحاظ سے، یورپی ممالک میں خریداروں نے 2020 کے دوران درآمد شدہ پیپر پر سب سے زیادہ خرچ کیا جس کی خریداری 76.5 ارب ڈالر یا عالمی سطح پر 48.6 فیصد ہے۔ دوسرے نمبر پر ایشین درآمد کنندگان 24.4 فیصد تھے جبکہ پوری دنیا میں درآمد شدہ پیپر کا 16.6 فیصد شمالی امریکہ میں صارفین کو پہنچایا گیا تھا۔

کم ترین فیصد میں میکسیکو کے علاوہ لاطینی امریکہ (4.4) فیصد۔ لیکن اس میں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی سربراہی میں کیریبین، افریقہ (4.2) فیصد اور اوشیانیا (1.8) شامل ہیں۔

ذیل میں وہ 15 ممالک ہیں جنہوں نے 2020 کے دوران سب سے زیادہ ڈالر مالیت پیپر درآمد کیا۔

مذکورہ ممالک میں سے، 2019 کے بعد سے پیپر کی منڈیوں میں چین (38.4 فیصد) اور ویتنام (18.9 فیصد تک) تھے۔

وہ ممالک جن کی امپورٹڈ پیپر کی خریداری میں کمی واقع ہوئی ہے ان میں اٹلی (14.9) فیصد، میکسیکو (14.3) فیصد، جاپان (12.2) فیصد اور اسپین (9.9) فیصد، شامل ہیں۔

قیمت کے لحاظ سے، فہرست میں شامل 15 ممالک نے 2020 میں درآمد شدہ پیپر کا 58.8 فیصد خریدا۔

**Chart of Imports**

| S. No | Country | $ Value In Billion | Value In % of total world import |
|---|---|---|---|
| 1 | United States | 15.7 | 10 |
| 2 | Germany | 12.9 | 8.2 |
| 3 | France | 8 | 5.1 |
| 4 | China | 7.3 | 4.6 |
| 5 | United Kingdom | 6.8 | 4.3 |
| 6 | Canada | 5.4 | 3.4 |
| 7 | Netherlands | 5.2 | 3.3 |
| 8 | Mexico | 5.1 | 3.2 |
| 9 | Italy | 4.99 | 3.2 |
| 10 | Poland | 4.95 | 3.1 |
| 11 | Belgium | 4.5 | 2.8 |
| 12 | Spain | 3.6 | 2.3 |
| 13 | Vietnam | 3 | 1.9 |
| 14 | Japan | 2.9 | 1.8 |
| 15 | Turkey | 2.4 | 1.5 |

## پیپر کی برآمدات

تمام ممالک سے برآمد ہونے والے پیپر کی عالمی فروخت 2020 میں مجموعی طور پر 157.2 ارب امریکی ڈالر رہی۔

مجموعی طور پر یہ کہ 2016 کے بعد سے تمام برآمد کنندگان کے لئے ڈالر کی رقم میں 2.1 فیصد اضافے کی عکاسی ہوتی ہے جب پیپر کی ترسیل کی مالیت 153.9 ارب ڈالر تھی۔

2019 سے لے کر 2020 تک، مجموعی طور پر پیپر کی برآمدات کی مالیت میں -7.6٪ کی کمی واقع ہوئی۔

سب سے بڑے 5 برآمد کنندگان (چین، جرمنی، امریکہ، سویڈن، فن لینڈ) نے 2020 میں عالمی سطح پر 43.8 فیصد پیپر برآمد کیا۔

براعظم کے لحاظ سے، یورپی ممالک نے 2020 کے دوران پیپر برآمد کنندگان میں سب سے زیادہ فروخت کی جس کی مالیت 86.7 ارب ڈالر (عالمی کاغذ کی برآمدات کا 55.1) ہے۔ دوسرے نمبر پر ایشین برآمد کنندگان دنیا بھر میں پیپر کی ترسیل کے 27.2 فیصد پر تھے جو شمالی امریکہ کے 14 فیصد سے آگے تھا۔

کم ترین فیصد میں میکسیکو کے علاوہ لاطینی امریکہ (2.4) فیصد آئی ہے لیکن اس میں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی سربراہی میں کیریبین، افریقہ (0.7) فیصد، اور اوشیانیا (0.6) شامل ہیں۔

ذیل میں وہ 15 ممالک ہیں جنہوں نے 2020 کے دوران ڈالر کی سب سے زیادہ ویلیو والا پیپر برآمد کیا۔

قیمت کے لحاظ سے، درج فہرست 15 ممالک سے 2020 میں برآمد کردہ پیپر کا 74.5 فیصد برآمد کیا۔

سرِفہرست برآمد کنندگان میں، 2019 کے بعد سے واحد فائدہ حاصل کرنے والا پولینڈ اپنی معمولی 0.4 فیصد اضافے کے ذریعہ تھا۔

وہ ممالک جن کی برآمدی پیپر کی فروخت میں کمی ریکارڈ کی گئی انمیں فن لینڈ (16.6) فیصد، کینیڈا (12.5) فیصد، آسٹریا (10.4) فیصد، برطانیہ (9.4) فیصد، اور فرانس (8.8) فیصد شامل ہیں۔

**Chart of Exports**

| S. No | Country | $ Value In Billion | Value In % of total world exports |
|---|---|---|---|
| 1 | China | 20.9 | 13.3 |
| 2 | Germany | 19.2 | 12.2 |
| 3 | United States | 3.8 | 8.8 |
| 4 | Sweden | 8.1 | 5.2 |
| 5 | Finland | 6.8 | 4.3 |
| 6 | Italy | 6.7 | 4.2 |
| 7 | Canada | 6.4 | 4.1 |
| 8 | France | 5.7 | 3.6 |
| 9 | Netherlands | 5.1 | 3.2 |
| 10 | Poland | 5 | 3.2 |
| 11 | Austria | 4.3 | 2.8 |
| 12 | Indonesia | 4.2 | 2.7 |
| 13 | Belgium | 4.04 | 2.6 |
| 14 | Spain | 3.97 | 2.5 |
| 15 | United Kingdom | 2.8 | 1.8 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا 38واں سالانہ اجلاس عام

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا اڑتیسواں (38واں) سالانہ اجلاس عام 23 ستمبر 2021 کو 03:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی، میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس طلب کیا گیا ہے، جس میں مندرجہ ذیل ایجنڈے پر غور ہوگا۔

عمومی امور: 1۔ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹ بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، ان پر غور کرنا اور ان کو اختیار کرنا۔ 2۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ ٪15 کی شرح سے نقد حتمی منافع یعنی ہر 10 روپے کے شیئر پر 1.50 روپے کا اعلان کرنا اور ممبرز کے لیے مکمل ادا شدہ ٪15 بونس شیئرز بحساب 10.00 روپے والے ہر 20 شیئرز کے تناسب میں 3 شیئر کے اجرا کا اعلان کرنا۔

3۔ آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل خصوصی امور بھی نمٹائے جائیں گے۔

درج ذیل خصوصی قراردادوں کو پاس کرنے کے لئے غور کرنا:

''قرار پایا ہے کہ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹ منٹس کے نوٹ نمبر 44 میں ظاہر کردہ ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ریلیٹڈ پارٹیز کے ساتھ عمومی کاروبار کے سلسلے میں انجام دئے گئے امور کی توثیق کی جائے اور منظوری دی جائے''۔ ''قرار پایا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر 30 جون 2022ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ریلیٹڈ پارٹیز کے ساتھ عمومی کاروبار کے سلسلے میں کی گئی تمام سودے کاریوں کو منظور کرنے کے مجاز ہیں اور یہ کہ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر اس بات کے بھی مجاز ہیں کہ وہ کسی بھی یا تمام ضروری کارروائیوں نیز دستاویزات / انڈنچرز پر دستخط کریں / عمل میں لائیں جو کہ اس ضمن میں کمپنی کی طرف سے درکار ہوں۔ درج بالا شق نمبر 4 سے متعلق، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ، نوٹس ہذا کے ہمراہ اراکین کو ارسال کئے جارہے ہیں۔ دریں اثناء کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 17 ستمبر 2021ء 23 ستمبر 2021ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6 پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں 16 ستمبر 2021ء تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کے استحقاق کے لئے بروقت سمجھا جائیگا۔ سیکریٹری سینچری پیپر ملز نے کہا ہے کہ شیئر ہولڈر حضرات جو ZOOM کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں وہ اپنے آپ کو کمپنی سیکریٹری کے آفس میں کم از کم 22 ستمبر 2021 کو 5 بجے شام سے قبل بذریعہ ای میل mansoor@lakson.com.pk پر ''رجسٹریشن برائے سالانہ اجلاس عام سینچری پیپر اینڈ بورڈ مز لمیٹڈ'' کے عنوان کے تحت اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دونوں اطراف کی کاپی کے ہمراہ رجسٹر کروالیں۔

## ڈاکٹر محمد اشفاق موجودہ حکومت کے 3 سال میں 7ویں چیئرمین ایف بی آر مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ڈاکٹر محمد اشفاق موجودہ حکومت کے 3 سال میں 7 ویں چیئرمین ایف بی آر تعینات کئے گئے ہیں۔ موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا تو رخسانہ یاسمین چیئرپرسن ایف بی آر تھیں۔ موجودہ حکومت نے ڈاکٹر جہانزیب کو پہلا چیئرمین ایف بی آر تعینات کیا۔ ڈاکٹر جہانزیب اگست 2018 سے مئی 2019 تک چیئرمین ایف بی آر رہے۔ شبر زیدی کو مئی 2019 میں چیئرمین ایف بی آر تعینات کیا گیا۔ نوشین جاوید اپریل 2020 سے جولائی 2020 تک چیئرپرسن ایف بی آر رہیں۔ جاوید غنی جولائی 2020 سے اپریل 2021 تک چیئرمین ایف بی آر رہے۔

## چیئرمین کے عہدے سے ہٹانے کی صحیح وجہ معلوم نہیں، عاصم احمد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سبکدوش ہونے والے چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کا کہنا ہے کہ انہیں چیئرمین ایف بی آر کے عہدے سے ہٹائے جانے کی صحیح وجہ معلوم نہیں لیکن شاید یہ ڈیٹا کو ہیک کرنے کی کوشش کی وجہ سے کیا گیا۔ سابق چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے مختصر گفتگو میں کہا کہ اس وقت شعبہ کے سربراہ ہونے کے ناطے کسی اور کو ذمہ دار ٹھہرانے کے بجائے وہ ڈیٹا کی کوشش ہیک کرنے کی پوری ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق کارکرگی دکھائی اور مشکل وقت میں ایف بی آر کے محصولات کی وصولی کے ہدف سے تجاوز کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انہیں او ایس ڈی بنایا گیا کیونکہ انہیں کوئی کام نہیں سونپا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایف بی آر میں نئی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر نے اصلاحی اقدامات کیے ہیں اور اس سے ایف بی آر کو مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں مدد ملے گی

## فارن ایکسچینج کیسز کے تیز رفتار حل کیلئے ڈیجیٹل سسٹم متعارف

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے فارن ایکسچینج کیسز کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے کاروبار کرنے میں مزید آسانی فراہم کردی، اسٹیٹ بینک نے ملک میں ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ اور کاروبار کرنے میں آسانی بڑھانے کے حکومت پاکستان کے وژن کے مطابق فارن ایکسچینج کیسز کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا منصوبہ شروع کیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ کاروباری طبقے کو اور عام افراد کو فارن ایکسچینج سے متعلق ان کی درخواستوں کے سلسلے میں بینکوں سے رجوع کرنے کیلئے مکمل ڈیجیٹلائزیشن کا پلیٹ فارم مہیا کیا جائے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کراچی چیمبر انتخابات: بی ایم جی کے تمام 15 امیدوار بلا مقابلہ کامیاب، عہدیداروں کا انتخاب 23 ستمبر کو ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی منیجنگ کمیٹی کے انتخابات برائے سال 22-2021 کے لیے بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کو مجموعی طور پر 30 اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی موصول ہوئے جن کا تعلق بزنس مین گروپ سے ہے۔ الیکشن کمیشن نے تمام کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد 12 اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی کو مسترد کردیا گیا جبکہ مزید 3 اُمیدواروں نے اپنے کاغذات واپس لے لئے، جس کے نتیجے میں باقی رہ جانے والے 15 اُمیدواروں کا بلا مقابلہ انتخاب ہوا۔ لہذا بی ایم جی کے تمام 15 امیدوار کراچی چیمبر آف کامرس کے انتخابات برائے سال 22-2021 میں کامیاب قرار پائے۔ بزنس مین گروپ کے چیئرمین اور سابق صدر کے سی سی آئی زبیر موتی والا نے کراچی کی تاجر وصنعتکار برادری کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے بی ایم جی پر ہمیشہ بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ 24 ویں سال مسلسل کامیابی بی ایم جی کی عوامی خدمت کا ثمر ہے اور یہ واضح کرتا ہے کہ تاجر وصنعتکاروں کی اکثریت بی ایم جی کی پالیسیوں سے اتفاق کرتی ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں اور انہیں اس بات پر مکمل یقین ہے کہ بزنس مین گروپ ہی ان کی بہتر خدمت کرسکتا ہے۔ چیئرمین بی ایم جی نے اس امید کا اظہار کیا کہ بی ایم جی کے نومنتخب نمائندے تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تاجر وصنعتکار برادری کی بھرپور خدمت کریں گے اور بی ایم جی کے پبلک سروس کے مقصد کے حصول کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ بی ایم جی کے کامیاب امیدواروں میں محمد ادریس، توصیف احمد، عبدالرحمن نقی، حاجی آصف، شعیب احمد فریدی، محمد عاصم اعجاز، محمد عارف، ناصر ریاض، ابوبکر صدیق احمد شمسی، آصف یونس، شیخ وسیم احمد، ضیاء العارفین، محمد فرحان اشرفی، محمد عامر چھرہ اور شمیم احمد شامل ہیں۔ جیسا کہ مینجنگ کمیٹی کہ تمام ارکان بلا مقابلہ منتخب ہو چکے ہیں لہذا 18 ستمبر 2021 کو مینیجنگ کمیٹی کے انتخابات نہیں ہوں گے جبکہ کراچی چیمبر کے عہدیدران برائے سال 22-2021 کے لیے انتخابات 23 ستمبر 2021 کو منعقد ہوں گے۔

## ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ڈیڑھ کروڑ افراد کا ڈیٹا حاصل کرلیا

